شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

10مارچ2023ء

پریس ریلیز

آئین اور عدالتوں کے فیصلے کا احترام نہ کیا گیا تو ملک انارکی کا شکار ہو جائے گا۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): آئین اور عدالتوں کے فیصلے کا احترام نہ کیا گیا تو ملک انارکی کا شکار ہو جائے گا۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے واضح فیصلہ دیا کہ پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں کے انتخابات آئین میں دیئے گئے وقت میں کرائے جائیں لہٰذا پنجاب میں صدرِ مملکت اور الیکشن کمیشن نے مشاورت کے بعد 30 اپریل کی تاریخ دے دی۔ اب کے پی کے گورنر کو بھی سپریم کورٹ کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے فوری طور پر الیکشن کی تاریخ دے دینی چاہیے۔ اُنہوں نے کہا کہ دنیا کی ہر ریاست نے کارِ سرکار چلانے کے لیے قوائد وضوابط بنائے ہوتے ہیں جسے آئین کہا جاتا ہے ان قواعد وضوابط کی پابندی اُس ریاست میں امن وامان قائم کرنے اور سلامتی کے لیے اہم رول ادا کرتی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اگر اس وقت کسی ایک مسئلہ پر آئین سے انحراف اور عدالتِ عظمیٰ کے حکم کی تعمیل سے انکار کیا گیا تو اس سے ایسی نظیر قائم ہو جائے گی جس سے مستقبل میں کوئی بھی فرد یا گروہ ریاست کے معاملے میں من مانی کر سکے گا جس سے انتظامی ڈھانچہ تباہی کا شکار ہو جائے گا۔ اُنہوں نے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 190 کے تحت تمام ریاستی ادارے اور محکمے سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل درآمد میں تعاون کرنے کے پابند ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ متعلقہ سٹیک ہولڈرز عدالتِ عظمیٰ کے حکم کے مطابق مشاورت کے ساتھ کے پی کے انتخابات کی تاریخ طے کریں تاکہ انتشار وافتراق کو ختم کیا جا سکے۔ البتہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے خلاف نظرثانی کی اپیل دائر کی جا سکتی ہے لیکن آئین اور قانون سے باہر جانا یا اپنے تئیں عدالتِ عظمیٰ کے فیصلے کو رد کر دینا انتہائی ضرر رساں ہو گا۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

تنظیمِ اسلامی کا پیغام | خلافتِ راشدہ کا نظام

بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمد | امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 10 March 2023

“The country may encounter anarchy if the constitution and the decisions made by the judiciary are not honored.”

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): “The country may encounter anarchy if the constitution and the decisions made by the judiciary are not honored.”

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that the Supreme Court had given a clear verdict that the elections in the provincial assemblies of Punjab and Khyber Pakhtunkhwa (KPK) must be held within the time-frame given in the constitution, therefore, the President and the Elections Commission after mutual consultation announced 30 April 2023 as the date for polls in Punjab. Now the governor of KPK must also give the date for elections according to the decision of the Supreme Court. He said that every state in the world has certain rules & regulations and procedures to run the affairs of the state, which is called the constitution, and these rules & regulations and procedures play an important role in maintaining law and order and protecting the security of that state. He said that if the constitution was violated or the orders of the Supreme Court rejected by any party, it would set a bad precedent that may be abused by individuals and groups to achieve vested interests and would lead to the devastation of the entire administrative machinery. He said that all state institutions and departments are bound to provide assistance in enforcing the decisions of the Supreme Court, under article 190 of the constitution. He said that all relevant stakeholders must submit to the decision of the Supreme Court and give the date for the provincial elections in KPK so that further turmoil and chaos could be avoided. Violating the constitution and law or rejecting the decision of the Supreme Court could be extremely perilous, however, the aggrieved parties have the right to file a review petition against the decision.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan